BRAMPTON Service and Information Update

# سٹی آف برامپٹن کی ملازمین کے لیے رہنماء ہدایات، مورخہ 4 اکتوبر سے مؤثر ہو رہی ہیں

برامپٹن، آن (23 ستمبر 2021) – سٹی آف برامپٹن تمام ملازمین اور عوام الناس کو کام کرنے کا ایک صحت مندانہ اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ ری اوپننگ ایکٹ اور آکوپیشنل ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایکٹ (OHSA) کے تحت سٹی کی یہ قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ تمام ملازمین کے لیے کام کرنے کا ماحول محفوظ ہونا چاہیے۔

اپنے لیبر پارٹنرز اور پبلک ہیلتھ کے ساتھ جاری مشاورت کے بعد اور صوبائی ضوابط کے مطابق، سٹی آف برامپٹن کووڈ-19 ویکسینیشن ایڈمنسٹریٹو ڈائریکٹو پر عمل درآمد کو یقینی بنائے گا جس کا اطلاق بروز پیر مورخہ 4 اکتوبر سے ہو گا۔

ان رہنماء ہدایات کے مطابق، سٹی آف برامپٹن کے تمام ملازمین، ٹھیکیداروں، مشیروں، طلباء اور رضاکاروں کو بروز جمعہ مورخہ 15 اکتوبر 2021 تک کووڈ-19 کی ویکسین لگوانے کی حیثیت کا ثبوت پیش کرنا ہو گا۔ استثنٰی کے حامل افراد کو اونٹیریو ہیومن رائیٹس کوڈ کے تحت چھوٹ دی جائے گی۔

ایسے غیر ویکسین شدہ ملازمین جو ان رہنماء ہدایت کے نفاذ کے بعد ویکسین لگوانے کا فیصلہ کرتے ہیں، انہیں بروز اتوار مورخہ 14 نومبر 2021 تک اپنی ویکسین لگوانے کی صورت حال کو لازمی طور پر واضح کرنا ہو گا۔

بروز پیر مورخہ 15 نومبر 2021 تک ایسے ملازمین جو ویکسین لگوانے کا ثبوت فراہم نہیں کرتے اور جن کے پاس کسی قابل قبول وجہ کی بنیاد پر ویکسین لگوانے کی چھوٹ کا ثبوت بھی موجود نہ ہو، تو انہیں کووڈ-19 ویکسین کے حوالے سے سیکھنے کے ایک عمل سے لازمی طور پر گزرنا ہو گا۔ اس کے علاوہ، ایسے تمام ملازمین جو ویکسین لگوانے کا ثبوت فراہم نہیں کرتے، انہیں باقاعدگی سے کووڈ-19 کے ٹیسٹ کرواتے رہنا ہو گا۔ کام کی جگہ پر آنے کے لیے لازمی ہو گا کہ ملازمین کے کووڈ-19 ٹیسٹ کا نتیجہ منفی آئے۔

پیل ریجن میں ایک سب سے بڑے آجر ہونے کے طور پر، سٹی آف برامپٹن کے پاس 6,000 سے زیادہ ملازمین موجود ہیں۔ یہ ایک ایسی صحت مندانہ اور محفوظ جائے کار کے لیے پُرعزم ہے جس میں ہمارے عملے اور کمیونٹی کی خیریت و عافیت ایک اوّلین ترجیح ہے۔ کووڈ-19 کے خلاف زیادہ تحفظ فراہم کرنے میں مدد کی فراہمی کے لیے صحت سے متعلق اقدامات میں اضافہ کیا جائے گا جن میں فعال اسکریننگ کا عمل، جسمانی فاصلہ بندی پر عمل درآمد اور ذاتی حفاظتی آلات کا استعمال شامل ہے۔

30--

**میڈیا کنٹیکٹ**
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca